## سوال

وضو کرتے وقت کانوں کا مسح کرنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا وضو کرنے والے کےلیے یہ لازم ہے کہ وہ کانوں کے مسح کےلیے نیا پانی لے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

کانوں کےلیے نیا پانی لینا لازم نہیں بلکہ صحیح قول کے مطابق یہ مستحب بھی نہیں ہے کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے وضو کی کیفیت بیان کرنے والے صحابہ کرام رضی اللہ عنھم نے اس بات کو بیان نہیں کیا کہ آپ کانوں کےلیے نیا پانی لیتے ہوں، لہذا افضل یہ ہے کہ سر کے مسح کے بعد باقی بچی ہوئی تری سے کانوں کا مسح کیا جائے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ارکان اسلام

عقائد کے مسائل : صفحہ 200